تھورن کلف پارک(Thorncliffe Park)

ٹرانزٹ پر مبنی کمیونٹی

مستقبل کے تھورن کلف پارک(Thorncliffe Park) کی ٹرانزٹ پر مبنی کمیونٹی (TOC) کی تعمیر کے لیے منتخب جگہ پر مزید رہائش گاہیں، دفتر، اور کاروبار کے لیے خوردہ فروشی کے لیے جگہ فراہم کرے گی، اور اونٹاریو لائن(Ontario Line) کے ساتھ سب وے (subway) کی انجام دہی کے لیے آسان رابطہ فراہم کرے گی، بشمول ایک نیاTTC بس ٹرمینل۔

مجوزہ TOC ٹرانزٹ کی سرمایہ کاری کو فروغ دے گی تاکہ تعمیری ڈھانچے کے ذریعے نئی رہائش گاہیں اور ملازمت کے مواقع فراہم کی جائیں اور اس کے ساتھ ساتھ کمیونٹی کے لیے نئی سہولیات، بشمول تفریح گاہیں اور تھورن کلف (Thorncliffe) کمیونٹی کے لیے کھلی جگہ فراہم کی جائے۔

منصوبہ کے فوائد

تھورن کلف پارک(Thorncliffe Park) TOC چھ رہائشی ٹاور اور ایک آفس کے ٹاور پر مشتمل ہے جس میں پوری زمینی منزل خریدوفروخت کے کاروبار کے لیے ہے۔ ٹاورز کو اوورلیہ بلیوارڈ(Overlea Boulevard) ، تھورنکلف پارک ڈرائیو(Thorncliffe Park Drive) اور مستقبل کے لیزائیڈ پارک ڈرائیو (Leaside Park Drive)کی توسیع سے پیچھے ہٹ کے فراخ جگہ میسر ہو گی، جس سے تعمیر شدہ حصے اور سڑک کے درمیان گزرنے کے حق کا ایک مسلسل عوامی دائرہ بنے گا۔

عوامی جگہوں کا یہ نیٹ ورک ،اوورلیہ بولیوارڈ (Overlea Boulevard) کے ساتھ جاری ہے، جو TOC کے مشرقی اور مغربی مقامات کو جوڑتا ہے، جس سے پیدل چلنے والے اور سائیکل سوار لطف اندوز ہو سکتے ہیں۔

اقتصادی

تھورن کلف پارک(Thorncliffe Park) TOC تقریباً 16,000 مربع میٹر دفتری جگہ اور 6,700 مربع میٹر خوردہ فروشی کے لیے جگہ فراہم کرے گی تاکہ اوورلیہ بولیوارڈ (Overlea Boulevard) پر موجود عمارتوں کے سامنے کے علاقوں کو فعال کیا جا سکے اور مقامی اقتصادی ترقی کو محفوظ رکھا جا سکے اور اسے سہارا دیا جاسکے۔

ماحولیاتی

TOC پروجیکٹ 2,500 مربع میٹر کی تفریح گاہ بھی فراہم کرتا ہے، اس کے علاوہ ٹرانزٹ اسٹیشن کے قریب ایک بڑے عوامی پلازہ کے ساتھ تعمیر کے لیے منتخب جگہ پر سائیکل کھڑی کرنے کے احاطے کی جگہیں جو ٹورنٹو گرین اسٹینڈرڈ (Toronto Green Standard) کی ضروریات کو پورا کرتی ہیں یا اس سے تجاوز کرتی ہیں۔

ہاؤسنگ

مجوزہ ترقی یافتہ جگہ سے تقریباً 2,664 رہائشی یونٹس کی فراہمی متوقع ہے۔

ربط سازی (کنیکٹوٹی)

اونٹاریو لائن (Ontario Line) پر تھورن کلف پارک (Thorncliffe Park) اسٹیشن کی مربوط ٹرانزٹ کی منصوبہ بندی کے حصے کے طور پر، ایک نیا TTC بس ٹرمینل، بنائے گا، **جو مقامی بس روٹس کو سپورٹ کرتا ہے، اسٹیشن کے ساتھ براہ راست انٹرفیس کرے گا، جس سے پورے محلے میں نقل و حمل کے رابطے میں بہتری آئے گی۔**

مزید جاننے کے لیے EngageIO.ca/en/Thorncliffe Park پر جائیں۔